# ڈاکٹر مجیر احمد آزاد: سفر کو ادب میں ڈھالنے والا قلمکار

ڈاکٹر منصور خوشتر، دربھنگہ



موجودہ عہد میں ایسے سفرنامہ نگار کم ہیں جو سیاحت کو محض تفریح کے بجائے ادب کا حصہ بناتے ہوں۔ ڈاکٹر مجیر احمد آزاد انہی چند اہلِ قلم میں شامل ہیں جنھوں نے اپنے اسفار کو ادبی وقار عطا کیا ہے۔ ڈاکٹر مجیر احمد آزاد بنیادی طور پر افسانہ نگار، محقق، نقاد، مرتب اور معلم ہیں۔ تدریسی ذمہ داریوں کے باوجود ان کی ادبی سرگرمیاں مسلسل جاری رہتی ہیں۔ وہ ایک ہائی اسکول کے پرنسپل کی حیثیت سے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرتے ہیں، مگر فراغت کے اوقات کو ادب کی خدمت کے لیے وقف رکھتے ہیں۔ افسانہ نگاری، تنقیدی مضامین، تحقیقی کام، کتابوں پر تبصرے، ادبی تقریبات کی نظامت اور ادبی تنظیموں سے وابستگی ان کی ہمہ جہت ادبی شخصیت کی علامت ہیں۔ ڈاکٹر مجیر احمد آزاد کی تصانیف پر نظر ڈالی جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی تخلیقی اور تحقیقی دلچسپیوں کا دائرہ خاصا وسیع ہے۔ ”ڈوم“، ”اندھیرے کا کرب“، ”جھکی ہوئی شاخ“، ”ٹھہری ہوئی صبح“، ”دور دیس میں“ اور ”کلاس ٹاپر“ جیسے افسانوی مجموعے ان کی تخلیقی صلاحیتوں کا ثبوت ہیں، جبکہ ”دربھنگہ میں اردو افسانہ نگاری“، ”معاصر اردو افسانہ: فکری جہات“ اور ”شاداں فاروقی: حیات اور خدمات“ جیسی کتابیں ان کے تحقیقی اور تنقیدی شعور کی نمائندگی کرتی ہیں۔ بچوں کے ادب سے بھی ان کا رشتہ مضبوط ہے اور ”آؤ کہانی سنتے ہیں“ اس کا عمدہ نمونہ ہے۔

ان تمام جہات کے درمیان ان کی ایک اہم شناخت سفرنامہ نگاری بھی ہے۔ ان کا پہلا سفرنامہ ”دارجلنگ کی سیر“ قارئین میں خاصا مقبول ہوا۔ اس کتاب میں انہوں نے نہ صرف دارجلنگ کی قدرتی خوب صورتی کو ادبی انداز میں پیش کیا بلکہ وہاں جانے والے سیاحوں کے لیے رہائش، آمدورفت، اخراجات اور سیاحتی مقامات کے بارے میں ایسی عملی معلومات فراہم کیں جو عام مسافر کے لیے بے حد مفید ثابت ہوئیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کو صرف ایک ادبی تصنیف نہیں بلکہ ایک قابلِ اعتماد سفری رہنما بھی سمجھا گیا۔

اسی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے ان کا نیا سفرنامہ ”کشمیر کا ادھورا سفر“ (سری نگر اور پہلگام کی سیر) منظر عام پر آیا ہے، جسے دربھنگہ ٹائمز پبلی کیشنز نے شائع کیا ہے۔ صرف اڑتالیس صفحات پر مشتمل یہ مختصر کتاب اپنے اندر مشاہدات، معلومات، تاثرات اور جذبات کی ایک بھرپور دنیا سموئے ہوئے ہے۔

اس سفرنامے کی ابتدا ہی سے قاری کو احساس ہو جاتا ہے کہ یہ سفر کسی تفریحی منصوبے کا نتیجہ نہیں بلکہ زندگی کے ایک غیر متوقع موڑ پر وجود میں آیا۔ شریکِ حیات کے علاج کے سلسلے میں دہلی جانا، پھر صاحبزادے عطا اللہ احمد کی خواہش اور اصرار پر اچانک کشمیر کا سفر اختیار کرنا، اس پوری روداد کو ایک فطری اور بے ساختہ رنگ عطا کرتا ہے۔ یہی بے ساختگی اس سفرنامے کی سب سے بڑی خوبی ہے۔

دیباچہ کا ایک نمایاں وصف اس کی سچائی اور بے ساختگی ہے۔ مصنف یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ وہ کشمیر کی مکمل سیر کر آئے ہیں، بلکہ صاف لفظوں میں اعتراف کرتے ہیں کہ وقت کی کمی کے باعث یہ سفر ادھورا رہ گیا۔ یہی اعتراف اس کتاب کے عنوان کو بھی معنویت عطا کرتا ہے اور قاری کے دل میں مصنف کی دیانت داری کا احساس پیدا کرتا ہے۔ مصنف نے بڑی خوبصورتی سے یہ واضح کیا ہے کہ یہ سفر دراصل علاج کی غرض سے دہلی جانے کے دوران اچانک وجود میں آیا۔ یوں یہ سیاحت منصوبہ بند کم اور تقدیر کی عطا زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ شریکِ حیات اور صاحبزادے عطا اللہ احمد کی موجودگی اس سفر کو خاندانی رفاقت کا رنگ بھی عطا کرتی ہے، جس سے دیباچے میں ایک خوشگوار جذباتی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ دیباچے میں فطرت سے مصنف کی گہری وابستگی بھی نمایاں ہے۔ پہاڑ، وادیاں، چشمے، چیڑ کے درخت، بادل اور حسین موسم صرف منظر کا حصہ نہیں بلکہ مصنف کے باطنی احساسات کے ترجمان بن جاتے ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ محض سیاح نہیں بلکہ حساس ادیب بھی ہیں، جو ہر منظر کو دل کی آنکھ سے دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

ڈاکٹر مجیر احمد آزاد کے نزدیک سفر محض ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچنے کا نام نہیں بلکہ اپنے اندر ایک نئی دنیا دریافت کرنے کا عمل ہے۔ اسی لیے وہ اپنے دیباچے میں لکھتے ہیں کہ ہر سفر انسان کو نئے تجربات عطا کرتا ہے اور مختلف تہذیبوں، ثقافتوں اور انسانی رویوں سے روشناس کراتا ہے۔ یہی سوچ پورے سفرنامے میں نمایاں نظر آتی ہے۔

یہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ مصنف ہر سال کم از کم ایک نئے مقام کی سیر کو اپنی زندگی کا حصہ بناتے ہیں۔ کبھی گینگ ٹوک، کبھی دارجلنگ، کبھی کشمیر، کبھی شملہ، کبھی کلومنالی، کبھی بارالاچالا، کبھی ممبئی، کبھی دہلی اور کبھی کولکاتا۔ وہ اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ ان مقامات کی سیر کرتے ہیں اور واپسی پر اپنے مشاہدات کو تحریر کی صورت دیتے ہیں۔ یہی مسلسل سیاحتی ذوق ان کی تحریروں کو مصنوعی ہونے سے بچاتا ہے، کیونکہ ان کے ہاں ہر منظر آنکھوں دیکھا اور ہر احساس دل سے محسوس کیا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

ڈاکٹر مجیر احمد آزاد کے سفرناموں کی ایک بڑی خوبی یہ بھی ہے کہ وہ صرف حسنِ فطرت کے قصیدے نہیں پڑھتے بلکہ ایک ذمہ دار سیاح کی حیثیت سے عملی رہنمائی بھی فراہم کرتے ہیں۔ ٹرین کے راستے، سفری اخراجات، رہائش کے بہتر مقامات، مقامی ٹرانسپورٹ، خریداری کی مناسب جگہیں، سیاحتی مقامات کی ترتیب، احتیاطی تدابیر اور مقامی لوگوں کے رویوں تک، ہر پہلو پر وہ نہایت سادہ مگر مفید انداز میں گفتگو کرتے ہیں۔ اسی لیے ان کی کتابیں پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کوئی تجربہ کار مسافر آپ کا ہاتھ پکڑ کر راستہ دکھا رہا ہو۔

"کشمیر کا ادھورا سفر" اگرچہ وقت کی کمی کے باعث ادھورا رہ گیا، لیکن اس کی ادبی تکمیل پوری شان کے ساتھ ہوئی ہے۔ اس کتاب میں سری نگر، ڈل جھیل، نشاط باغ، چشمہ شاہی، پری محل، لال چوک، کشمیری بازار، پہلگام اور راستے کے بے شمار مناظر اس انداز سے محفوظ ہو گئے ہیں کہ قاری بھی خود کو اس سفر کا شریک محسوس کرتا ہے۔

ڈاکٹر مجیر احمد آزاد کا یہ سفرنامہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ایک اچھا ادیب جہاں بھی جاتا ہے، وہاں سے صرف تصویریں نہیں بلکہ کہانیاں، کردار، مناظر اور احساسات بھی اپنے ساتھ لے آتا ہے۔ یہی عناصر ان کی تحریروں کو زندہ اور پائیدار بناتے ہیں۔

کشمیر کا ادھورا سفر "صرف ایک سیاح کی روداد نہیں بلکہ ایک حساس ادیب کی آنکھ سے دیکھی ہوئی دنیا کی تخلیقی بازیافت ہے۔ یہ کتاب شروع سے آخر تک قاری کو اپنے ساتھ اس طرح باندھے رکھتی ہے کہ محسوس ہوتا ہے جیسے وہ خود بھی دربھنگہ سے دہلی، دہلی سے کٹرا اور پھر سرینگر و پہلگام تک اس سفر کا ہم سفر ہے۔

اس سفرنامے کا سب سے نمایاں وصف مشاہدے کی صداقت ہے۔ ڈاکٹر مجیر احمد آزاد واقعات کو بناوٹی رنگ نہیں دیتے، نہ ہی غیر ضروری مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہیں۔ وہ جو کچھ دیکھتے ہیں، اسے پوری دیانت داری سے قلم بند کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریر میں فطری پن نمایاں نظر آتا ہے۔ کٹرا ریلوے اسٹیشن کے باہر دلالوں کی سرگرمیوں کا ذکر ہو، سیاحوں کو پیش آنے والی دشواریوں کی نشاندہی ہو، یا کشمیر کے بعض مقامات پر قیمتوں کے فرق کی بات، ہر جگہ مصنف نے حقیقت نگاری کو ترجیح دی ہے۔

اس کتاب کی دوسری اہم خوبی منظر نگاری ہے۔ کشمیر کے قدرتی مناظر پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے، لیکن ڈاکٹر مجیر احمد آزاد انہیں محض خوبصورت کہہ کر آگے نہیں بڑھ جاتے بلکہ ان کے رنگ، روشنی، خوشبو، آواز اور فضا کو بھی اپنے الفاظ میں سمو لیتے ہیں۔ چنار کے درخت، زبرون کی پہاڑیاں، ڈل جھیل کی خاموش لہریں، چشمہ شاہی کا شفاف پانی، نشاط باغ کے پھول، شام کی سنہری دھوپ، سرنگوں سے گزرتا ریل کا سفر اور سیبوں سے لدے باغات یہ سب اس طرح بیان ہوئے ہیں کہ قاری کی آنکھوں کے سامنے ایک مکمل منظرنامہ تشکیل پاتا ہے۔

آزاد کی نثر کی ایک اور خصوصیت اس کی روانی ہے۔ ان کی زبان نہایت سادہ، شستہ اور عام فہم ہے۔ وہ مشکل تراکیب یا ثقیل الفاظ کے ذریعے قاری کو متاثر کرنے کے بجائے اپنے تجربات کی سچائی سے متاثر کرتے ہیں۔ یہی سادگی ان کی عبارت کا حسن بھی ہے اور قوت بھی۔ جہاں منظر نگاری درکار ہوتی ہے وہاں ان کی نثر میں شاعرانہ لطافت پیدا ہو جاتی ہے، اور جہاں معلومات دینی ہوتی ہیں وہاں وہ نہایت واضح اور براہِ راست انداز اختیار کرتے ہیں۔

اس سفرنامے میں کردار نگاری بھی قابلِ توجہ ہے۔ اگرچہ یہ کوئی افسانہ نہیں، اس کے باوجود اس میں کئی کردار اپنی مختصر موجودگی کے باوجود یاد رہ جاتے ہیں۔ صاحبزادے عطا اللہ احمد، ٹیکسی ڈرائیور نذیر احمد، آٹو ڈرائیور جاوید، شکارا بان عبد القیوم، رشید چاچا، وانی فروٹس کے دکاندار، کشمیری نوجوان، حتیٰ کہ راستے میں ملنے والے عام لوگ بھی اس کتاب میں زندگی کے ساتھ موجود ہیں۔ مصنف نے ان کرداروں کو غیر ضروری تفصیل کے بغیر چند جملوں میں اس خوبی سے پیش کیا ہے کہ وہ قاری کے ذہن میں اپنی جگہ بنا لیتے ہیں۔

کتاب کا ایک اہم پہلو سفری رہنمائی بھی ہے۔ عام طور پر ادبی سفرناموں میں معلوماتی پہلو کمزور ہوتا ہے، لیکن ڈاکٹر مجیر احمد آزاد نے اس کمی کو بڑی حد تک دور کیا ہے۔ انہوں نے مختلف مقامات کے کرایوں، مقامی بسوں اور آٹو رکشوں، رہائش، کھانے، خریداری، ڈرائی فروٹس، زعفران، سیب، مقامی بازاروں اور سیاحتی مقامات کے اوقات تک کا ذکر کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ کتاب ادب کے ساتھ ساتھ ایک مفید سفری رہنما بھی بن جاتی ہے۔

مصنف کی ایک اور خوبی ان کا تاریخی شعور ہے۔ وہ جہاں بھی کسی تاریخی مقام پر جاتے ہیں، وہاں کی مختصر مگر مستند تاریخی معلومات بھی فراہم کرتے ہیں۔ پری محل، چشمہ شاہی، نشاط باغ اور دیگر مغل یادگاروں کے حوالے سے ان کی گفتگو اس بات کا ثبوت ہے کہ انہوں نے سفر سے پہلے مطالعہ بھی کیا اور دورانِ سفر اپنی معلومات میں اضافہ بھی کیا۔ اس طرح قاری کو صرف خوبصورت مناظر ہی نہیں ملتے بلکہ ان کا تاریخی پس منظر بھی معلوم ہوتا ہے۔ اس سفرنامے میں خاندانی رفاقت کا پہلو بھی خاص اہمیت رکھتا ہے۔ شریکِ حیات اور صاحبزادے کے ساتھ ہونے والی گفتگو، ایک دوسرے کا خیال رکھنا، سفر کی منصوبہ بندی، خریداری، کھانے پینے کے چھوٹے چھوٹے واقعات اور روزمرہ کی سادہ باتیں کتاب کو ایک گھریلو اپنائیت عطا کرتی ہیں۔ یہی اپنائیت اس سفرنامے کو جذباتی صداقت بھی بخشتی ہے۔

ڈاکٹر آزاد نے کشمیر کو صرف قدرتی حسن کی سرزمین کے طور پر پیش نہیں کیا بلکہ وہاں کے سماجی اور ثقافتی ماحول کو بھی اپنی تحریر میں جگہ دی ہے۔ کشمیری عوام کی مہمان نوازی، ان کی زبان، بازاروں کی چہل پہل، مقامی خوراک، خشک میوہ جات کی تجارت، مذہبی فضا، تعلیمی ادارے، سیکیورٹی کا نظام اور روزمرہ زندگی کے مختلف پہلو بھی اس سفرنامے کا حصہ ہیں۔ یہی ہمہ گیری اسے صرف سیاحتی روداد نہیں رہنے دیتی بلکہ ایک ثقافتی دستاویز کی حیثیت بھی عطا کرتی ہے۔ اس کتاب کا عنوان ”کشمیر کا ادھورا سفر“ اپنی معنویت میں مکمل ہے۔ مصنف خود اعتراف کرتے ہیں کہ وقت کی کمی نے انہیں کشمیر کو پوری طرح دیکھنے کا موقع نہیں دیا، لیکن اسی ادھورے پن نے اس سفرنامے میں دوبارہ لوٹنے کی ایک خوشگوار خواہش پیدا کر دی ہے۔ یہ ادھورا سفر دراصل قاری کے دل میں ایک نئے سفر کی تمنا جگا دیتا ہے۔

”کشمیر کا ادھورا سفر“ پڑھتے ہوئے ایک بات شدت سے محسوس ہوتی ہے کہ ڈاکٹر مجیر احمد آزاد نے اگرچہ کشمیر کی قدرتی خوبصورتی، جھیلوں، باغات، پہاڑوں اور وادیوں کا دل نشیں تذکرہ کیا ہے، لیکن وہاں کی ادبی دنیا سے ان کا کوئی باضابطہ رابطہ یا ملاقات اس سفرنامے میں نظر نہیں آتی۔ حالاں کہ کشمیر صرف حسنِ فطرت کا نام نہیں، بلکہ یہ اردو زبان و ادب کی ایک زرخیز سرزمین بھی ہے، جہاں بے شمار اہلِ قلم، شعرا، ادبا اور دانش ور اپنی علمی و ادبی خدمات کے ذریعے ایک منفرد شناخت رکھتے ہیں۔ ڈل جھیل، جہاں مصنف نے کچھ وقت گزارا، وہیں یا اس کے آس پاس کئی ممتاز ادبی شخصیات سے ملاقات کا امکان موجود تھا۔ اگر اس مختصر سفر میں معروف شاعر و ادیب وحشی سعید یا ممتاز ادبی شخصیت نور شاہ صاحب جیسے اہلِ قلم سے ایک نشست ہو جاتی، تو یقیناً اس سفرنامے میں صرف مناظر کی دل کشی ہی نہیں بلکہ کشمیر کی ادبی روح بھی شامل ہو جاتی۔ ایسی ملاقاتیں سفرنامے کو محض سیاحتی روداد نہیں رہنے دیتیں بلکہ اسے تہذیبی، فکری اور ادبی دستاویز کا درجہ عطا کر دیتی ہیں۔ تاہم اس کمی کا اعتراف خود کتاب کے عنوان میں بھی محسوس ہوتا ہے۔ غالباً اسی احساس نے مصنف کو اس کتاب کا نام ”کشمیر کا ادھورا سفر“ رکھنے پر آمادہ کیا۔ یہ ادھورا پن صرف وقت کی قلت یا چند مقامات نہ دیکھ پانے کا نہیں، بلکہ شاید اس ادبی دنیا تک نہ پہنچ سکنے کا بھی ہے جو کشمیر کی اصل شناخت کا ایک اہم حصہ ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ مصنف نے خود بھی اس بات کو محسوس کیا ہوگا کہ وادی کے حسن کا ایک رخ تو انہوں نے دیکھ لیا، لیکن اس کی علمی، ادبی اور تہذیبی زندگی کا ایک اہم باب ابھی تشنۂ ملاقات رہ گیا۔ شاید یہی تشنگی اس سفرنامے کی سب سے بڑی خوبی بھی ہے کیونکہ یہ قاری کے دل میں یہ خواہش پیدا کرتی ہے کہ مصنف دوبارہ کشمیر جائے، وہاں کے اہلِ قلم سے ملاقات کرے، ادبی نشستوں میں شریک ہو، کشمیری تہذیب کے اس روشن پہلو کو بھی اپنی تحریر کا حصہ بنائے، تاکہ ”کشمیر کا ادھورا سفر“ کسی آئندہ سفر میں ایک بھرپور اور ہمہ گیر سفرنامے کی صورت اختیار کر سکے۔




بلاشبہ ڈاکٹر مجیر احمد آزاد نے اس کتاب کے ذریعے یہ ثابت کیا ہے کہ سفرنامہ صرف راستوں کی تفصیل نہیں بلکہ احساس، مشاہدہ، تاریخ، تہذیب اور انسانی تعلقات کا حسین امتزاج بھی ہوتا ہے۔ ”کشمیر کا ادھورا سفر“ اردو سفرنامہ نگاری میں ایک خوش آئند اضافہ ہے اور امید کی جانی چاہیے کہ آئندہ بھی ڈاکٹر مجیر احمد آزاد اپنے اسفار کو اسی ادبی وقار اور فنی پختگی کے ساتھ قارئین کے سامنے پیش کرتے رہیں گے۔ یہ کتاب نہ صرف کشمیر جانے والوں کے لیے ایک معتبر رہنما ہے بلکہ ادب کے طالب علموں، سفرنامہ نگاری کے شائقین اور حسنِ فطرت سے محبت کرنے والے ہر قاری کے لیے یکساں طور پر قابلِ مطالعہ ہے۔ ایسے عہد میں جب سفر اکثر تصاویر اور مختصر ویڈیوز تک محدود ہو گیا ہے، ڈاکٹر مجیر احمد آزاد نے قلم کے ذریعے یہ ثابت کیا ہے کہ اصل سفر وہی ہے جو آنکھ سے گزر کر دل میں اترے اور پھر ادب کی صورت اختیار کر لے۔

☆☆☆

# امریکی پسپائی اور اسرائیلی جارحیت: ایران تنازع کا نیا رخ

نازش احتشام اعظمی



ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری تزویراتی، سیاسی اور عسکری کشیدگی عصرِ حاضر میں مشرقِ وسطیٰ کے سب سے پیچیدہ، حساس اور خطرناک ترین تنازعات میں شمار ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسا دائرہ کار اختیار کر چکی ہے جس کے اثرات صرف خلیج یا مشرقِ وسطیٰ کے جغرافیائی حدود تک محدود نہیں رہے، بلکہ عالمی سیاست، بین الاقوامی سلامتی، توانائی کی معیشت اور دنیا کے توازنِ طاقت پر بھی گہرے انداز میں مرتب ہو رہے ہیں۔ کئی دہائیوں تک یہ شدید دشمنی پردے کے پیچھے جاری رہنے والے آپریشنز، سائبر جنگ، انٹیلی جنس نیٹ ورکس کی توڑ پھوڑ، اہم شخصیات کی ہدفی ہلاکتوں اور علاقائی غیر ریاستی اتحادیوں کے ذریعے لڑی جانے والی غیر مستقیم جنگ یعنی پراکسی وار تک محدود تھی۔ تاہم حالیہ برسوں کے واقعات نے اس پردے کو چاک کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان براہِ راست فوجی تصادم کی ایک انتہائی بھیانک صورتحال کو جنم دیا ہے۔ دوطرفہ بیلسٹک میزائلوں، جدید ترین ڈرون حملوں، علی الاعلان ذمہ داری قبول کرنے کے جرات مندانہ بیانات اور ماضی میں قائم تزویراتی حدود کے یکسر ملیامیٹ ہونے نے مشرقِ وسطیٰ کی سلامتی کو ایک ایسے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے جہاں سے معمولی سی غلط فہمی یا غلط اندازہ پورے خطے کو تباہ کن جنگ کی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔ اس تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال نے نہ صرف تہران اور تل ابیب کی دفاعی حکمتِ عملیوں کو یکسر تبدیل کر دیا ہے، بلکہ اس نے امریکہ اور دیگر عالمی طاقتوں کے روایتی کردار کو بھی ایک نئے سانچے میں ڈھال دیا ہے۔ امریکہ اگرچہ آج بھی اسرائیل کا سب سے بڑا تزویراتی، دفاعی اور سفارتی اتحادی ہے، لیکن اس کی موجودہ پالیسی پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ محتاط، سنجیدہ اور محدود دکھائی دیتی ہے، جسے بین الاقوامی سیاسی تجزیہ کار امریکہ کی خاموش اور تزویراتی پسپائی سے تعبیر کر رہے ہیں۔ دوسری طرف، اسرائیل نے ایران اور اس کے علاقائی اتحادیوں کے خلاف اپنی عسکری مہم میں بے پناہ سختی اور جارحیت اختیار کر لی ہے، جس سے ایک ہمہ گیر اور تباہ کن جنگ کے خدشات روز بروز شدید سے شدید تر ہوتے جا رہے ہیں۔ اس تاریخی دشمنی کی جڑیں بنیادی طور پر 1979ء کے ایرانی اسلامی انقلاب کی فکری اور سیاسی تبدیلیوں سے جا ملتی ہیں۔ 1979ء سے پہلے شاہِ ایران کے دور میں تل ابیب اور تہران کے درمیان بہترین سفارتی، اقتصادی اور فوجی تعلقات قائم تھے، لیکن انقلابِ اسلامی کے فوراً بعد نئی قیادت نے اسرائیل کو تسلیم کرنے سے صاف انکار کر دیا، تمام سفارتی و تجارتی روابط منقطع کر لیے اور اسرائیل کے خلاف فلسطینی مزاحمتی تنظیموں کی سیاسی، اخلاقی اور مالی حمایت کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ ایران کے سیاسی و نظریاتی نقطہ نظر سے فلسطینی جدوجہد ایک مظلوم قوم کا جائز حق اور نوآبادیاتی تسلط کے خلاف مزاحمت ہے، جبکہ دوسری طرف اسرائیل اس ایرانی نقطہ نظر اور اس کی عملی حمایت کو اپنی قومی و جغرافیائی سلامتی کے لیے ایک وجودی خطرہ تصور کرتا ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ لبنان میں حزب اللہ کا قیام اور اس کی عسکری طاقت میں اضافہ، اور بعد ازاں غزہ میں فلسطینی تنظیموں کے ساتھ ایران کے مضبوط تزویراتی تعلقات نے اس تنازع کو ایک نیا رخ دیا۔ اسرائیل نے ایران کے اس پھیلتے ہوئے علاقائی اثر و رسوخ، اس کے جدید ترین بیلسٹک میزائل پروگرام اور اس کی بالخصوص جوہری صلاحیتوں کو اپنے وجود کے لیے ایک ناقابلِ برداشت چیلنج سمجھنا شروع کیا۔ اس کے نتیجے میں دونوں ممالک کے درمیان ایک طویل اور پُراسرار ”سایہ جنگ“ یا شیڈو وار چھڑ گئی، جس میں سائبر حملے، سنٹری فیوجز کو نقصان پہنچانا، ایٹمی سائنسدانوں کا قتل، بحری جہازوں کو نشانہ بنانا، اور شام، لبنان، عراق و غزہ میں ایک دوسرے کے مفادات پر ضربیں لگانا شامل تھا۔ ایک طویل عرصے تک دونوں فریق اس بات کے پابند رہے کہ وہ براہِ راست ایک دوسرے کی سرزمین پر حملہ کرنے سے گریز کریں تاکہ صورتحال قابو سے باہر نہ ہو، مگر حالیہ برسوں میں قائم شدہ سرخ لکیروں کے مٹ جانے سے یہ قائم شدہ توازن یکسر تباہ ہو چکا ہے۔ اب ہر نیا عسکری اقدام، ہر نیا میزائل حملہ اور ہر نئی انتقامی کارروائی اس اندیشے کو پہلے سے کہیں زیادہ تقویت دیتی ہے کہ یہ تنازع کسی بھی لمحے ایک ایسی بھیانک علاقائی جنگ کا روپ دھار سکتا ہے جو پورے مشرقِ وسطیٰ کو اپنی لپیٹ میں لے کر دنیا کی معاشی و سیاسی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دے گی۔ اس پورے تنازع کا ایک نہایت اہم، چونکا دینے والا اور حساس پہلو امریکہ کی خارجہ پالیسی میں خاموشی سے آنے والی تاریخی تبدیلی ہے۔ کئی دہائیوں سے واشنگٹن کی مشرقِ وسطیٰ پالیسی کا محوار و مرکز اسرائیل کی بلا مشروط عسکری، اقتصادی، سیاسی اور سفارتی حمایت رہا ہے۔ جدید ترین امریکی ہتھیاروں کی فراہمی، دفاعی تعاون کے جدید ترین معاہدے، بروقت انٹیلی جنس کی فراہمی اور اقوامِ متحدہ سمیت عالمی فورمز پر اسرائیلی اقدامات کی پشت پناہی کرنا امریکی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون سمجھا جاتا رہا ہے۔ تاہم، موجودہ عالمی جیو پولیٹیکل حالات اور بدلتے ہوئے معاشی و ملٹری توازن نے واشنگٹن کو اپنی اولیتیں دوبارہ ترتیب دینے پر مجبور کر دیا ہے۔ دنیا کے سیاسی منظرنامے پر چین کا بحیثیت ایک معاشی و عسکری سپر پاور ابھرنا، یوکرین میں طویل ہوتی ہوئی پیچیدہ جنگ، امریکہ کے اندرونی سیاسی و معاشی اختلافات، بڑھتا ہوا قومی قرضہ، اور ماضی میں عراق و افغانی دلدل میں طویل عسکری مداخلتوں کے انتہائی تلخ، خونچکاں اور ناکام تجربات نے امریکی پالیسی سازوں کو اب شدید احتیاط اور محدود حکمتِ عملی اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ اسی لیے، حالیہ بحرانوں کے دوران امریکہ نے مشرقِ وسطیٰ میں خود براہِ راست کسی نئی اور طویل جنگ میں کودنے کے بجائے اپنے کردار کو اسرائیل کے دفاع، انٹیلی جنس شیئرنگ، دفاعی میزائل سسٹمز کی فعال فراہمی اور محدود سفارتی دباؤ تک محدود رکھا ہے۔ عالمی سیاسی ماہرین اور بین الاقوامی تعلقات کے ناقدین امریکی رویے میں آنے والے اس نمایاں موڑ کو ”خاموش تزویراتی پسپائی“ کا نام دیتے ہیں۔

اس اصطلاح سے مراد اسرائیل سے امریکہ کا قطع تعلق یا اس کا ہاتھ چھوڑنا ہرگز نہیں ہے، بلکہ ایک ایسی محتاط اور اپنے مفاد پر مبنی حکمتِ عملی ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ خطے میں ایک مکمل، تباہ کن اور غیر محدود جنگ کو روکا جا سکے تاکہ امریکہ اپنے عالمی وسائل اور طاقت کو مشرقِ وسطیٰ کے صحراؤں میں ضائع کرنے کے بجائے بحرالکاہل اور یورپ کے خطوں میں اپنے بڑے حریفوں کے مقابلے میں استعمال کر سکے۔ اس محتاط امریکی رویے نے تل ابیب میں جہاں تحفظات کو جنم دیا ہے، وہیں واشنگٹن کے ناقدین کا کہنا ہے کہ امریکہ کا یہ معذرت خواstrانہ انداز اس کے حریفوں کو خطے میں مزید آزادانہ اور سرگرم کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کر رہا ہے، جبکہ امریکی پالیسی کے حامیوں کا موقف ہے کہ امریکہ اب دنیا کے ہر علاقائی تنازع میں براہِ راست فوجی سپاہی کا کردار ادا کرنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اسامنا کرنے والی اس امریکی محتاط پالیسی کے برعکس، اسرائیل کی فوجی کارروائیوں کا اسلوب دن بہ دن زیادہ شدید، بے باک اور جارحانہ ہوتا جا رہا ہے۔ اسرائیل اپنی ان مسلسل عسکری کارروائیوں اور سخت اقدامات کو اپنی قومی سلامتی، خودمختاری اور بقا کے لیے بالکل ناگزیر قرار دیتا ہے۔ اسرائیلی پالیسی سازوں اور عسکری قیادت کا یہ پختہ موقف ہے کہ ایران کا تیزی سے ترقی کرتا ہوا بیلسٹک میزائل پروگرام، اس کی جدید ترین ڈرون ٹیکنالوجی، اس کی ممکنہ ایٹمی صلاحیات، اور خطے میں اس کے اتحادی عسکری گروہوں کا ایک مضبوط محاذ بنانا مستقبل کے اسرائیل کے لیے ایک دائمی اور تباہ کن خطرہ بن چکا ہے، لہٰذا اس خطرے کو جڑ سے اکھاڑنا یا اس کو پھیلنے سے روکنا وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ اسی خاص پیشگی دفاع یا پری ایمپٹو ڈیفنس کے فلسفے کے تحت اسرائیل نے شام کی سرزمین پر ایرانی فوجی مراکز، اسلحے کی منتقلی کے راستوں، گوداموں اور ایرانی پاسدارانِ انقلاب کے اعلیٰ عسکری کمانڈروں کو متعدد بار اور کھلم کھلا نشانہ بنایا ہے، جبکہ اس کے ساتھ ساتھ ایران کے اندرونی حساس ترین سیکیورٹی اور سائنسی مراکز پر بھی انتہائی خطرناک کارروائیاں کی گئی ہیں۔ اسرائیل کا خیال ہے کہ طاقت کا یہ بے دریغ استعمال ہی ایران اور اس کے اتحادیوں کو اسرائیل پر کسی بڑے حملے سے باز رکھ سکتا ہے۔ تاہم، دوسری جانب اسرائیلی عسکری پالیسی پر بین الاقوامی سطح پر انتہائی شدید اور شدید ترین تنقید کی جا رہی ہے۔ متعدد عالمی تنظیموں، اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کے اداروں اور دنیا بھر کے تجزیہ نگاروں نے اسرائیلی کارروائیوں کے نتیجے میں ہونے والی بے تحاشا شہری ہلاکتوں، سول انفراسٹرکچر کی مسلسل تباہی اور خطے میں بڑھتے ہوئے انسانی المیے پر گہرے غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ ناقدین کا ماننا ہے کہ محض طاقت کا بے دردی سے استعمال کسی مسئلے کا پائیدار حل نہیں ہو سکتا، بلکہ یہ کارروائیاں خطے میں انتقام کی ایک ایسی خوفناک آگ کو ہوا دیتی ہیں جو تمام تر سفارتی حل کے امکانات کو ہمیشہ کے لیے ختم کر کے ایک لامتناہی تشدد کے راستے پر ڈال دیتی ہیں۔ اس طویل، بھیانک اور پیچیدہ تنازع کا سب سے دردناک، الم ناک اور ناقابلِ تلافی پہلو وہ انسانی اور معاشی نقصان ہے جو ان دونوں طاقتوں کی سیاسی و عسکری کشمکش کی وجہ سے خطے کے کروڑوں بے گناہ عام شہریوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ فضائی حملوں، میزائل باری، اور بمباری کے نتیجے میں اب تک ہزاروں معصوم انسان اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، لاکھوں افراد اپنے آبائی گھروں سے بے دخل ہو کر پناہ گزین کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکے ہیں اور پورے کے پورے شہر، رہائشی علاقے، ہسپتال، اسکول، اور زندگی قائم رکھنے والی دیگر ضروری سہولیات یکسر تباہ و برباد ہو چکی ہیں۔ اس جنگی ماحول کے نتیجے میں بچوں کی تعلیم، صحت کے بنیادی نظام اور پوری آبادی کی نفسیاتی کیفیت پر جو ہولناک اور گہرے منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، ان کی تلافی دہائیوں تک ممکن نہیں ہو سکے گی۔ انسانی المیے کے ساتھ ساتھ، اس تنازع کے معاشی اثرات نے بھی پوری دنیا کو ایک شدید تشویش اور بے یقینی کی کیفیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ عالمی انرجی سیکیورٹی کا دل سمجھا جاتا ہے، اور خاص طور پر آبنائے ہرمز دنیا میں خام تیل اور مائع قدرتی گیس کی ترسیل کا سب سے اہم اور حساس ترین سمندری راستہ ہے۔ اس خطے میں ذرا سی بھی ملٹری کشیدگی یا بندش کا اندیشہ عالمی مارکیٹ میں تیل اور گیس کی قیمتوں میں زبردست اور اچانک ناگہانی اضافہ کر دیتا ہے۔ اس کے نتیجے میں دنیا بھر میں افراطِ زر اور مہنگائی کی ایک نئی لہر جنم لیتی ہے اور عالمی سپلائی چین مکمل طور پر مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے۔ اس معاشی تباہی کا سب سے زیادہ اور زبردست بوجھ دنیا کے غریب اور ترقی پذیر ممالک کی پہلے سے زبوں حال معیشتوں پر پڑتا ہے، جس سے عالمی معاشی عدم استحکام اور زیادہ گہرا ہوتا جا رہا ہے۔ ایران اور اسرائیل کا یہ بنیادی تنازع اب صرف دو ممالک کی باہمی خصومت تک محدود نہیں رہا، بلکہ اس نے بڑی عالمی طاقتوں کے درمیان جاری ایک نئی ٹھنڈی جنگ اور جیو پولیٹیکل رقابت کی صورت اختیار کر لی ہے۔ ایک طرف امریکہ، برطانیہ اور متعدد مغربی ممالک اسرائیل کے ساتھ اپنے دفاعی، انٹیلی جنس اور سیاسی تعاون کو ہر ممکن حد تک وسعت دے رہے ہیں، تو دوسری طرف روس اور چین نے ایران کے ساتھ اپنے سفارتی، معاشی اور تزویراتی تعلقات کو ایک نئی بلندی فراہم کی ہے۔ روس، جو خود مغرب کی پابندیوں کا شکار ہے، ایران کے ساتھ اپنے عسکری و ٹیکنالوجیکل روابط کو مضبوط بنا رہا ہے، جبکہ چین ایران کے ساتھ ایک طویل مدتی معاشی شراکت داری کے ذریعے مشرقِ وسطیٰ میں اپنے معاشی اثر و رسوخ کو بڑھا رہا ہے۔ ان عالمی بلاکس کی تشکیل نے بین الاقوامی سفارت کاری کو انتہائی دشوار اور پیچیدہ بنا دیا ہے۔ اگرچہ عمان، قطر اور کچھ یورپی ممالک نے متعدد بار در پردہ ثالثی، پیغامات کی ترسیل اور کشیدگی کو کم کرنے کی مخلصانہ کوششیں کی ہیں، لیکن تہران اور تل ابیب کے درمیان موجود شدید عدم اعتمادی کی وجہ سے ابھی تک کوئی ایسی بڑی پیش رفت نہیں ہو سکی جو دونوں ممالک کے درمیان کسی پائیدار امن یا پائیدار جنگ بندی کی ضمانت دے سکے۔ ایران اپنے جوہری اور میزائل پروگرام کو اپنی قومی خودمختاری، خطے میں طاقت کے توازن اور دفاع کا پرامن حق قرار دیتا ہے، جبکہ اسرائیل ایران کی کسی بھی ایسی صلاحیت کو اپنے وجود کے لیے ایک مستقیم اور ناقابلِ برداشت خطرہ سمجھتا ہے۔ یہی بنیادی نظریاتی اور تزویراتی تضاد وہ سب سے بڑی دیوار ہے جو کسی بھی جامع اور کامیاب سفارتی حل کی راہ میں آڑے آ رہی ہے۔

موجودہ تاریک، نازک اور خطرناک حالات اس تلخ حقیقت کو پوری طرح واضح کرتے ہیں کہ صرف اور صرف عسکری طاقت کے ذریعے اس بحران کا کوئی دائمی، منصفانہ اور مستحکم حل نکالنا مطلق ناممکن ہے۔ اگر دنیا واقعی اس خطے کو ایک بھیانک اور بے قابو ایٹمی یا علاقائی تباہی سے بچانا چاہتی ہے، تو تمام متعلقہ فریقوں کو جنگی جنون، برتری کے غرور اور مسلسل تشدد کے راستے کو چھوڑ کر سفارتی مذاکرات، باہمی اعتماد سازی، بین الاقوامی قوانین کی بحالی اور انسانی جانوں کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح بنانا ہوگا۔ بین الاقوامی اداروں، بالخصوص اقوامِ متحدہ، علاقائی تنظیموں، اور دنیا کی بااثر طاقتوں پر یہ بھاری اخلاقی اور سیاسی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ فوری طور پر کشیدگی کو کم کرنے، مظلوم آبادیوں تک انسانی امداد کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے، اور دونوں فریقین کے درمیان راست روابط قائم کرنے کے لیے اپنا فعال اور مؤثر کردار ادا کریں۔ اسی طرح تہران اور تل ابیب، دونوں کی قیادت کو بھی اپنے اپنے سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر ایسے تمام تر اشتعال انگیز بیانات اور اقدامات سے مکمل طور پر گریز کرنا ہوگا جو کسی غلط فہمی یا غلط اندازے کے باعث ایک غیر ارادی، تباہ کن اور لامتناہی جنگ کا باعث بن سکتے ہیں۔ امریکہ کی محتاط پالیسی اس کی دنیا بھر میں بدلتی ہوئی اولیتوں کو ظاہر کرتی ہے، جبکہ اسرائیل کی مسلسل جارحانہ عسکری حکمتِ عملی اس کے سلامتی سے متعلق گہرے خدشات کی نمائندگی کرتی ہے، لیکن یہ بات بالکل طے ہے کہ محض طاقت کی نمائش سے نہ تو اسرائیل کو پائیدار سلامتی مل سکتی ہے اور نہ ہی ایران اپنے معاشی و سیاسی مسائل کو حل کر سکتا ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ مشرقِ وسطیٰ کی بقا اور اس کا مستقبل صرف تہران، یروشلم یا واشنگٹن کے بند کمروں میں لیے گئے یکطرفہ عسکری یا سیاسی فیصلوں سے طے نہیں ہو سکتا، بلکہ اس کے لیے پوری عالمی برادری کو اپنی اجتماعی اخلاقی و قانونی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔ اگر دنیا نے اب بھی جنگی جنون کی پشت پناہی کرنے کے بجائے سفارت کاری، عدل و انصاف، عالمی قوانین کی پاسداری، بین الاقوامی معاہدوں کی حرمت اور انسان کی معزز جان کے تحفظ کو ترجیح نہ دی، تو یہ خطہ ایک ایسے تاریک دور میں داخل ہو جائے گا جس کے اثرات سے دنیا کا کوئی بھی ملک محفوظ نہیں رہ سکے گا۔ تاریخ کا سب سے بڑا سبق یہی ہے کہ جنگیں وقتی طور پر تو طاقت کے توازن کو بدل سکتی ہیں، فتح اور شکست کے عارضی دعوے پیدا کر سکتی ہیں اور دشمن کے انفراسٹرکچر کو تباہ کر سکتی ہیں، مگر دیرپا اور حقیقی امن صرف سیاسی مفاہمت، باہمی احترام، بین الاقوامی قانون کی بالادستی اور تنازع کی بنیادی و تاریخی وجوہات کے منصفانہ، اخلاقی اور پائیدار حل سے ہی ممکن ہوتا ہے۔ ایک ایسا خطہ جو گزشتہ کئی دہائیوں سے مسلسل جنگوں، خونریزی، سیاسی عدم استحکام اور انسانی المیوں کی خوفناک بھٹی میں جل رہا ہے، وہاں اب امن کی تلاش کوئی کاغذی خواہش، سیاسی نعرہ یا خواب نہیں رہی، بلکہ یہ پوری انسانیت اور عالمی برادری کی بقا کے لیے ایک اشد، ہنگامی اور مشترکہ ضرورت بن چکی ہے

☆☆☆☆

